# Punjab Medical Faculty

B-22نیو مسلم ٹاؤن، وحدت روڈ لاہور، فون نمبر: 042-99230506، 042-99231352

## نوٹس داخلہ برائے دوسالہ پیرامیڈیکل کورسز۔ سیشن 26-2024

I۔ پنجاب میڈیکل فیکلٹی سے الحاق شدہ محکمہ صحت کے زیر انتظام پیرامیڈیکل تعلیم کے تمام سرکاری اداروں میں مندرجہ ذیل دوسالہ ڈپلومہ کورسز کے لیے آن لائن درخواستیں مطلوب ہیں:

**i۔ پبلک ہیلتھ ٹیکنیشن ii۔ میڈیکل لیبارٹری ٹیکنیشن iii۔ آپریشن تھیٹر ٹیکنیشن iv۔ ریڈیو گرافی اینڈ امیجنگ ٹیکنیشن**

تعلیمی قابلیت: تمام کورسز میں داخلے کے لیے کم از کم تعلیمی اہلیت **میٹرک سیکنڈ ڈویژن سائنس (فزکس، کیمسٹری اور بیالوجی میں کم از کم مجموعی اوسط 45٪ نمبر)** ہوگی۔

عمر کی حد: عمر کی کوئی قید نہیں۔

کوٹہ: برائے معذور افراد 2٪ جس کو متعلقہ ضلع کا معذوری (Disability) میڈیکل بورڈ کورس کے لیے موزوں قرار دے کہ یہ بندہ متعلقہ معذوری کے ساتھ کام کرنے کا اہل ہے۔

درج ذیل ادارہ جات کے ساتھ صرف منسلک اضلاع کے امیدواران داخلہ کے لیے آن لائن اپلائی کر سکیں گے:

| نمبر شمار | نام ادارہ | منسلک اضلاع |
|---|---|---|
| 1 | انسٹیٹیوٹ آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز، علامہ اقبال میڈیکل کالج، جناح ہسپتال لاہور | لاہور، شیخوپورہ |
| 2 | گورنمنٹ سکول آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز، لاہور جنرل ہسپتال، لاہور | لاہور، قصور |
| 3 | گورنمنٹ سکول آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز، گجرات | گجرات، گوجرانوالہ، حافظ آباد |
| 4 | گورنمنٹ سکول آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز، سیالکوٹ | سیالکوٹ، نارووال، ننکانہ صاحب |
| 5 | گورنمنٹ سکول آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز، جہلم | جہلم، چکوال، منڈی بہاوالدین |
| 6 | پوسٹ گریجویٹ انسٹیٹیوٹ آف لائیڈ ہیلتھ سائنسز، فیصل آباد (سابقہ گورنمنٹ کالج آف پیرامیڈیکس، فیصل آباد) | فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ |
| 7 | گورنمنٹ سکول آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز، سرگودھا | سرگودھا، خوشاب، میانوالی |
| 8 | گورنمنٹ سکول آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز، بے نظیر بھٹو شہید ہسپتال، راولپنڈی | راولپنڈی، اٹک |
| 9 | گورنمنٹ سکول آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز، ساہیوال | ساہیوال، اوکاڑہ، پاک پتن، خانیوال |
| 10 | گورنمنٹ سکول آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز، لیہ | لیہ، بھکر |
| 11 | گورنمنٹ کالج آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز، نشتر میڈیکل یونیورسٹی، ملتان | ملتان، وہاڑی، مظفر گڑھ |
| 12 | گورنمنٹ سکول آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز، بہاولپور | بہاولپور، بہاول نگر، رحیم یار خان، لودھراں |
| 13 | گورنمنٹ سکول آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز، ڈیرہ غازی خان | ڈیرہ غازی خان، راجن پور |

II۔ ڈسپنسر دوسالہ کورس 2026-2024 درج ذیل ہسپتالوں میں امیدوار اپنے رہائشی ضلع (ڈومیسائل) کے حساب سے آن لائن (Online) اپلائی کر سکیں گے۔

(الف)۔ میو ہسپتال لاہور، گنگارام ہسپتال لاہور، سروسز ہسپتال لاہور، ڈینٹل سکول نشتر میڈیکل یونیورسٹی ملتان۔

(ب)۔ لاہور، گجرات، سیالکوٹ، جہلم، فیصل آباد، سرگودھا، راولپنڈی، ساہیوال، لیہ، ملتان، بہاولپور اور ڈیرہ غازی خان کے امیدوار اپنے ضلع کے **گورنمنٹ سکول آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز** میں اپلائی کر سکیں گے۔

(ج)۔ اٹک، گوجرانوالہ، چکوال، میانوالی، خوشاب، بھکر، چنیوٹ، منڈی بہاوالدین، نارووال، حافظ آباد، قصور، شیخوپورہ، ننکانہ صاحب، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، اوکاڑہ، خانیوال، وہاڑی، پاکپتن، بہاولنگر، لودھراں، مظفر گڑھ، راجن پور اور رحیم یار خان اضلاع کے امیدوار اپنے ضلع کے **ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال (DHQ)** میں اپلائی کر سکیں گے۔

(ح)۔ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال مری اور گوجرہ۔

III۔ مندرجہ ذیل اداروں میں ہر ادارے کے سامنے درج کورسز کے داخلے پورے پنجاب کی بنیاد پر ہوں گے۔ اور امیدوار آن لائن اپلائی کریں گے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 | پوسٹ گریجویٹ انسٹیٹیوٹ آف لائیڈ ہیلتھ سائنسز، فیصل آباد | i۔ ڈینٹل ٹیکنیشن ii۔ فزیوتھراپی ٹیکنیشن iii۔ ڈائیلاسز ٹیکنیشن |
| 2 | انسٹیٹیوٹ آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز، علامہ اقبال میڈیکل کالج / جناح ہسپتال لاہور | i۔ ڈائیلاسز ٹیکنیشن ii۔ ڈینٹل ٹیکنیشن iii۔ آفتھالمک (Ophthalmic) ٹیکنیشن |
| 3 | گورنمنٹ کالج آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز / نشتر میڈیکل یونیورسٹی، ملتان | i۔ ڈائیلاسز ٹیکنیشن ii۔ فزیوتھراپی ٹیکنیشن iii۔ اینڈوسکوپی ٹیکنیشن iv۔ سنٹرل سٹرلائز سروسز ٹیکنیشن v۔ مارچری اسسٹنٹ |
| 4 | گورنمنٹ سکول آف الائیڈ انسٹیٹیوٹ آف ہیلتھ سائنسز / جنرل ہسپتال، لاہور | i۔ ڈائیلاسز ٹیکنیشن ii۔ فزیوتھراپی ٹیکنیشن iii۔ سنٹرل سٹرلائز سروسز ٹیکنیشن |
| 5 | گورنمنٹ سکول آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز / بینظیر بھٹو شہید ہسپتال، راولپنڈی | i۔ ڈائیلاسز ٹیکنیشن ii۔ ڈینٹل ٹیکنیشن |
| 6 | گورنمنٹ سکول آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز ٹیچنگ ہسپتال، منیر چوک گوجرانوالہ | ڈائیلاسز ٹیکنیشن |
| 7 | ایچ ایچ شیخ خلیف سکول آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز، شیخ زید میڈیکل کالج / ہسپتال، رحیم یار خان | ڈائیلاسز ٹیکنیشن، اینڈوسکوپی ٹیکنشن |
| 8 | ڈینٹل ٹیکنیشن سکول، پنجاب ڈینٹل ہسپتال، فورٹ روڈ، لاہور | ڈینٹل ٹیکنیشن |
| 9 | دی چلڈرن ہسپتال انسٹیٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ فیروزپور روڈ، لاہور | اینستھیزیا (Anesthesia) ٹیکنیشن |
| 10 | گورنمنٹ العزیز کالج آف پیرامیڈیکل سائنسز، مریدکے ضلع شیخوپورہ | ڈسپنسر، آپریشن تھیٹر ٹیکنیشن، میڈیکل لیب ٹیکنشن، ریڈیو گرافی امیجنگ ٹیکنیشن، ڈینٹل ٹیکنیشن، آفتھالمک (Ophthalmic) ٹیکنیشن |
| 11 | پیرامیڈیکل سکول گورنمنٹ ٹیچنگ ہسپتال، شاہدرہ لاہور | ڈسپنسر، میڈیکل لیب ٹیکنیشن، ریڈیوگرافی ٹیکنیشن، فزیوتھراپی ٹیکنیشن، ڈائیلاسز ٹیکنیشن، اینستھیزیا (Anesthesia) ٹیکنیشن، سنٹرل سٹرلائز ٹیکنیشن |

| | | |
|---|---|---|
| 12 | گورنمنٹ سکول آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز، میو ہسپتال لاہور | i۔ میڈیکل لیبارٹری ٹیکنیشن، ii۔ آپریشن تھیٹر ٹیکنیشن، iii۔ ریڈیو گرافی اینڈ امیجنگ ٹیکنیشن |
| 13 | گورنمنٹ سکول آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز چلڈرن ہسپتال ملتان | i۔ ڈسپنسر ii۔ میڈیکل لیبارٹری ٹیکنیشن، iii۔ آپریشن تھیٹر ٹیکنیشن، iv۔ ریڈیو گرافی اینڈ امیجنگ ٹیکنیشن |
| 14 | گورنمنٹ سکول آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز، ملتان انسٹیٹیوٹ آف کڈنی ڈیزیز شیر شاہ روڈ نزد بہاولپور بائی پاس مظفر گڑھ روڈ ملتان | ڈائیلاسز ٹیکنیشن، آپریشن تھیٹر ٹیکنیشن، ریڈیو گرافی اینڈ امیجنگ ٹیکنیشن |
| 15 | گورنمنٹ الحمد کالج آف پیرامیڈیکل سائنسز نزد نشاد آباد برج شیخوپورہ روڈ، فیصل آباد | I۔ ڈسپنسر، ii۔ میڈیکل لیبارٹری ٹیکنیشن، iii۔ آفتھالمک (Ophthalmic) ٹیکنیشن |
| 16 | ڈینٹل پیرامیڈیکل سکول، نشتر ہسپتال، ملتان | ڈینٹل ٹیکنیشن |
| 17 | کالج آف آفتھالمالوجی (Ophthalmology) اینڈ ویژن سائنسز، میو ہسپتال لاہور | آفتھالمک (Ophthalmic)، ڈسپنسنگ آپٹیشنری (Dispensing Opticianry) |
| 18 | سکول آف پیرامیڈیکس، انسٹیٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ سائنسز، برڈوڈ روڈ لاہور | پبلک ہیلتھ ٹیکنیشن، ڈسپنسر، ڈینٹل ٹیکنیشن |

1۔ آن لائن (Online) اپلائی کرنے کی آخری تاریخ 15.08.24 ہے۔ اپلائی کرنے کی فیس مبلغ -/500 روپے (ناقابل واپسی) ہے۔ فیس چالان پورٹل سے ہی ڈاؤن لوڈ ہو گا۔ فیس **ڈیمانڈ ڈرافٹ، پے آرڈر وغیرہ** کی صورت میں وصول نہیں کی جائے گی۔ امیدواروں کو ویب پورٹل *https://pmfadmissions.phf.gop.pk/* پر خود کو رجسٹر کروا کر آن لائن اپلائی کرنا ہو گا اور اس کے ساتھ ہی ویب پورٹل پر مطلوبہ تصدیق شدہ دستاویزات اپ لوڈ کرنا ہوں گی۔

2۔ امیدوار مندرجہ ذیل کاغذات کی مصدقہ نقول آن لائن درخواست کے ساتھ منسلک کریں گے۔

i۔ میٹرک سند ii۔ ڈومیسائل سرٹیفکیٹ iii۔ شناختی کارڈ / بے فارم iv۔ پاسپورٹ سائز ایک عدد تصویر

اضافی: ایف ایس سی کی سند / سرکاری ہسپتال سے جاری شدہ معذوری سرٹیفکیٹ / منظور شدہ ادارے سے حفظِ قرآن کی سند

3۔ معذور افراد کا کوٹہ بھی ادارے کی مقرر کردہ سیٹوں کے علاوہ ہو گا۔ معذور افراد کا کوٹہ دو فیصد (2%) ہے جو کہ متعلقہ کیٹیگری میں ہر 50 سیٹوں پر ایک سیٹ بنتی ہے۔

4۔ جس امیدوار کا داخلہ جس کورس میں ہو گا وہی کورس کرنے کا پابند ہو گا۔ جس کے لیے امیدوار -/100 روپے کے اشٹام پیپر پر اپنے کورس کی تصدیق کرے گا کہ بعد میں کورس تبدیل نہیں کروں گا۔

5۔ امیدوار ایک سے زیادہ کورسز میں ایک ہی آن لائن اپلیکشن میں اپلائی کر سکے گا۔

6۔ ایپلیکشن، گزٹ لسٹ اور میرٹ لسٹ کے متعلق اطلاعات (Updates) پورٹل اور ایس ایم ایس کے ذریعے امیدوار تک پہنچے گی۔ امیدوار کی ذمہ داری ہے کہ اپلائی کرنے کے بعد روزانہ کی بنیاد پر اپنا پورٹل دیکھتا رہے۔

7۔ پہلی میرٹ لسٹ لگنے کے ہر تین دن بعد نئی میرٹ لسٹ لگے گی۔ ہر میرٹ لسٹ پر نام آنے کے بعد ہر دفعہ پورٹل پر رضامندی (Consent) تین دن تک دینی ہو گی۔ رضامندی (Consent) نہ دینے کی صورت میں داخلہ منسوخ (Cancel) ہو جائے گا۔ جس کے لیے ادارہ ذمہ دار نہ ہو گا۔

8۔ منتخب امیدواران متعلقہ سرکاری ادارہ یا ہسپتال میں 28 ستمبر تا 30 ستمبر 2024 تک جائننگ رپورٹ کروانے کے پابند ہوں گے اور کلاسز مورخہ 01.10.2024 سے شروع ہوں گی۔

9۔ منتخب امیدواروں کو دوران تربیت کوئی وظیفہ نہیں دیا جائے گا۔ تاہم ان سے گورنمنٹ کی تجویز کردہ فیسیں / فنڈز وغیرہ وصول کیے جائیں گے۔ منتخب طلباء کو گورنمنٹ کی طرف سے وضع کردہ قوانین کا پابند ہونا ہو گا۔

10۔ متعلقہ اداروں کے سربراہان منتخب امیدواران کے میٹرک سرٹیفکیٹ کی متعلقہ بورڈ سے فی الفور ویریفیکیشن (Verification) کروانے کے پابند ہوں گے۔ ویریفکیشن رجسٹریشن پورٹل پر اپ لوڈ کرنی ہوں گی۔

11۔ پرائیویٹ الحاق شدہ ادارے درج بالا ضوابط اور تاریخ کو مدنظر رکھیں۔

12۔ متذکرہ بالا پروگرام میں داخلہ خالصتاً میرٹ، ترجیحی بنیادوں پر منتخب کردہ اداروں اور اہلیت کے معیار پر سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر میڈیکل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی موجودہ پالیسی کے مطابق وضع کردہ آن لائن ویب پورٹل کے ذریعے کیے جائیں گے تاہم سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ آن لائن داخلے کے پورے عمل کی تکمیل تک نگرانی خود کرے گا۔

13۔ امیدواروں کی سہولت اور راہنمائی کے لیے ویب پورٹل پر ضروری ہدایات، شیڈول اور میرٹ لسٹ بوقت ضرورت اپ لوڈ کر دی جائیں گی۔ امیدواران اپلائی کرنے سے پہلے ویب پورٹل پر اپ لوڈ کی گئی ضروری ہدایات کو ضرور پڑھ لیں۔

14۔ ہاسٹل کی سہولت صرف اور صرف گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ انسٹیٹیوٹ آف لائیڈ ہیلتھ سائنسز، فیصل آباد (سابقہ گورنمنٹ کالج آف پیرامیڈیکس، فیصل آباد) اور گورنمنٹ سکول آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز، بہاولپور میں موجود ہے، باقی اداروں کے ساتھ ہاسٹل کی سہولت میسر نہ ہے۔

15۔ پنجاب میڈیکل فیکلٹی لاہور کو بذریعے ڈاک موصول ہونے والی درخواستوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔

امیدوار مزید کسی بھی تفصیل یا وضاحت کے لیے پنجاب میڈیکل فیکلٹی لاہور پر دفتری اوقات میں ان نمبروں (042-99230506 / 042-9931352) پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

**ڈاکٹر ظفر علی**

**سیکرٹری، پنجاب میڈیکل فیکلٹی لاہور**